| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 16-07-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔دہشتگردوں اوران کے ٹھکانوں کا جلد مکمل خاتمہ اورامن قائم ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔حکومت سندھ پشتونوں کوتحفظ فراہم کرے، گورنروزیراعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔لیفٹیننٹ کرنل لئیق شہید کی قربانی رائیگاں نہیں جائیگی، وزیراعظم | جنگ ودیگراخبارارت |
| 4۔کوہلووزیرتعلیم کاگیسٹروکے پھیلاؤ کانوٹس ادویات کی پہلی کھیپ روانہ،صوبائی وزیرتعلیم | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔بلوچستان کے لوگ دہشتگردی کے خلاف فوج کے ساتھ ہیں، صادق سنجرانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔وزیراعظم سے سرفرازبگٹی کی ملاقات ڈیرہ بگٹی کی صورتحال پرتبادلہ خیال | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔بارشوں سے متاثرہ افرادکی امدادکیلئے تمام وسائل بروئے کارلائے جارہے ہیں، ضیاءلانگو | مشرق ودیگراخبارات |
| 8۔الیکشن کمیشن کوغیرمنصفانہ حلقہ بندیوں سے آگاہ کردیا، عبدالخالق ہزارہ | مشرق ودیگراخبارات |
| 9۔بارش متاثرین کیلئے فری میڈیکل کیمپس لگائے جارہے ہیں، فرح عظیم شاہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔نصاب میں قوموں کی زبان ثقافت اورتاریخ کوشامل ہوناچاہیئے، ڈاکٹرمالک | جنگ ودیگراخبارات |
| 11۔معاشی بحران کاسبب کرپشن اورحکمرانوں کی شاہ خرچیاں ہیں، کریم نوشیروانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 12۔کچلاک میں اغواء کے بعدبچے کاقتل قابل مذمت ہے، جمعیت نظریاتی | جنگ ودیگراخبارات |
| 13۔ضلع چاغی میں ڈیمز کی تعمیرسے خشک سالی کے اثرات کم ہونگے، ہاشم نوتیزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔کوئٹہ چمن شاہراہ پرچین لگانے اوربھتہ وصولی کانوٹس لیاجائے، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15۔بلوچستان کامعاملہ سیاسی ہے، مذاکرات کے ذریعے حل کیاجائے، بی این پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔نواب رئیسانی نے صدیق آبادسڑک وپل بہنے کانوٹس لےلیا، این این آئی | انتخاب ودیگراخبارات |

## امن وامان

خضدار میں خاتون سمیت دوافراد کی تشدد زدہ لاشیں برآمد، موبائل فون پر ایک ہفتے کی دوستی لڑکی عزت گنوابیٹھی، کوئٹہ، دارالامان سے فرار ہونے والی دوخواتین کوچ اڈے سے گرفتار، کوئٹہ، باغ میں کام کرنے والے دوبھائیوں پرفائرنگ ایک جاں بحق، دوسرا زخمی، کوئٹہ سے پانچ اشتہاریوں سمیت 10افرادگرفتارداؤپرلگی رقم ضبط، قلات اشتہاری گرفتار، لورالائی، مختلف واقعات میں ایک شخص جاں بحق تین زخمی۔

## عوامی مسائل

پچ پل تیسری بارٹوٹ گیاشہری کا زمینی رابطہ منقطع، کوئٹہ میں خواجہ سراؤں کاپولیس اورغنڈوں کے خلاف احتجاج مظاہرہ، کوہلو میں نکاسی آب کانظام مفلوج بارشوں کاپانی گلی محلوں میں داخل، ڈپٹی ڈائریکٹرایم ڈی سمیت دیگرمحکموں کے افسران ڈیوٹی سے غائب، تحریک نوجوانان قلات کے زیراہتمام کوئٹہ کیلئے لانگ مارچ آج شروع ہوگا۔

مورخہ16-07-2022

## اداریہ

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بارش وسیلاب کے نقصانات کا ھر ممکن ازالہ کرینگے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے کہ بلوچستان دیگر صوبوں سے پسماندہ صوبہ ہے بلوچستان اس وقت مشکل گھڑی سے گزر رہی ہے زیارت واقعہ بزدالانہ عمل ہے جس کو حقوق لینے کا شوق ہے وہ اسمبلی میں آئیں اور اپنی آواز بلند کرے انہوں نے بلوچستان کو بدنام کر دیا ہے یہ نہیں سمجھتے ہیں کہ یہ بلوچستان کا نقصان ہے بلوچستان میں حالیہ شدید بارشوں اور سیلابی ریلوں کی تباہیوں پر وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے یقین دہانی کرائی ہے وفاقی کی جانب سے جاں بحق افراد کیلئے فی کس 10 لاکھ اور حکومت بلوچستان کی جانب سے بھی فی کس 10 لاکھ اور زخمی ہونے والوں کو 50 ہزار روپے دینے کا اعلان کرتا ہوں بلوچستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ اتنی زیادہ بارشیں ہوئی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے جس طرح لوگوں کو ریلیف دیا بلوچستان میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آفت آیا ہے اور ہم ہی نکالیں گے ہم اپنے لوگوں کو بے یارومددگار کبھی نہیں چھوڑیں گے۔

## ادریے

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Redressal of missing persons' issue" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔
روزنامہ ڈاؤن کراچی نے "Abducted army oficer found dead" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔
روزنامہ ڈریبیون نے "Inquiry ordered into breach of small dams" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**کوهلو میں مون سون بارشیں اور حکومتی اقدامات** " کے عنوان سے محمد طاہر مری کا مضمون تحریر کیا۔
روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**کیا بلوچستان ،حکومت چلانے والوں سے محروم ھے** " کے عنوان سے نصیر بلوچ کا مضمون تحریر کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:________

Bullet No.______ Dated:______ Page No. 1


THE DAILY JANG QUETTA ★★

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 51 ہفتہ 16 ذوالحجہ 1443ھ 16 جولائی 2022ء نمبر 193


# حکومت سندھ پشتونوں کو تحفظ فراہم کرے، گورنر، وزیراعلیٰ بلوچستان

پشتونوں کیخلاف کارروائیوں پر اظہار تشویش، معاملے کو حکومت سندھ کیساتھ بھرپور طریقے سے اٹھایا جائیگا، ملاقات میں اتفاق

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی سے ملاقات، سندھ بلوچستان کے درمیان پانی کے مسئلے و دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جمعہ کو بلوچستان عوامی پارٹی کے صدر وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے قائم مقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی سے انکی رہائشگاہ پر ملاقات کی، ملاقات میں دونوں رہنماؤں کیرتھر کنال میں پانی کی بندش پر تشویش کا اظہار، کراچی اور سندھ کے دیگر علاقوں میں پشتونوں کے خلاف ایک لسانی تنظیم کی جانب سے کارروائیوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے معاملے کو حکومت سندھ کے ساتھ بھرپور طریقے سے اٹھانے اور بی اے پی کی اعلیٰ مشاورتی کمیٹی کا اجلاس جلد بلانے پر بھی اتفاق کیا گیا، وزیراعلیٰ و قائم مقام گورنر بلوچستان نے مطالبہ کیا کہ سندھ حکومت پشتونوں کو تحفظ فراہم کرے، اس موقع پر وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ سابق صدر آصف علی زرداری نے سندھ بلوچستان کے مابین پانی کے مسئلہ کے جلد حل کی یقین دہانی کرائی ہے، امید ہے کہ سابق صدر اس مسئلہ کے مستقل بنیادوں پر حل میں اپنا کردار ادا کرینگے، انہوں نے کہا کہ بی اے پی سینٹ اور قومی اسمبلی میں اکثریتی جماعت ہے مشاورتی اجلاس میں اہم قومی امور پر سینٹ اور قومی اسمبلی میں پارٹی کا مشترکہ موقف اپنانے اور دیگر پارٹی امور پر غور کیا جائے گا۔

فورسز کا آپریشن باعث اطمینان

# دہشتگردوں اور انکے ٹھکانوں کا جلد مکمل خاتمہ اور امن قائم ہوگا، وزیراعلیٰ

بلوچستان کے عوام اپنی افواج کی جرأت کو سلام پیش کرتے ہیں، ملکی استحکام اور امن کو چیلنج کرنے والوں کو انکے انجام تک پہنچایا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے مانگی ڈیم اور ملحقہ علاقوں میں دہشت گردوں اور انکے ٹھکانوں پر سیکیورٹی فورسز کے جاری کامیاب آپریشن میں متعدد دہشت گردوں کی ہلاکت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ یقین ہے کہ علاقے میں موجود دیگر دہشت گردوں اور انکے ٹھکانوں کا جلد مکمل خاتمہ اور دیرپا امن قائم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ملکی استحکام اور امن کو چیلنج کرنے والوں کو انکے انجام تک پہنچایا جائے گا بلوچستان کے عوام اپنی افواج کی جرات کو سلام پیش کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے حوالدار محمد خان کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شہید نے مادر وطن کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے شہید کے خاندان سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 16 JUL 2022 Page No. 4


## کرنل لئیق شہید کے کزن کی بازیابی کیلئے آپریشن میں 5 دہشتگرد ہلاک، ایک اہلکار شہید

**سیکورٹی فورسز نے کارروائی خوست کے پہاڑی سلسلے میں کی، مغوی بازیاب نہ ہوسکا، آپریشن جاری رہیگا، آئی ایس پی آر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز کا زیارت کے خلیفہ پہاڑوں میں خوست کے قریب لیفٹیننٹ کرنل لئیق شہید کے مغوی کزن عمر جاوید کی بازیابی کے لئے آپریشن جاری ہے اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں کالعدم تنظیم کے پانچ دہشت گرد ہلاک جبکہ ایک اہلکار شہید ہوگیا آپریشن تاحال جاری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکورٹی فورسز کا زیارت میں مغوی عمر جاوید کی بازیابی کے لئے آپریشن جاری ہے جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب سیکورٹی فورسز نے خوست کے علاقے میں واقع خلیفہ پہاڑی سلسلے میں دہشتگردوں کے ایک ٹھکانے کو گھیرے میں لیا ٹھکانے میں موجود دہشت گردوں نے سیکورٹی فورسز کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجے میں سیکورٹی اہلکار حوالدار خان محمد شہید ہوگیا سیکورٹی فورسز کی جوابی کارروائی میں کالعدم تنظیم بلوچ لبریشن آرمی کے پانچ دہشت گرد ہلاک ہو گئے جبکہ مغوی عمر جاوید کی بازیابی اور دہشت گردوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔

## بلوچستان میں بارشوں کے دوران 17 اضلاع سے 154 اموات رپورٹ ہوگئیں

**9 سو 99 مکانات منہدم، 5 سو 21 مویشی ہلاک، 8 پل، 5 ڈیمز اور 597 سولر پینل کو نقصان پہنچا**

کوئٹہ (این این آئی) پی ڈی ایم اے کی بلوچستان میں بارشوں سے جانی و مالی نقصانات سے متعلق جاری رپورٹ کے مطابق بارشوں کے دوران ہونے والی اموات 17 اضلاع سے رپورٹ ہوئیں، سب سے زیادہ 10 اموات کوئٹہ سے رپورٹ ہوئیں، پشین سے 8، ژوب اور سبی سے 6،6، قلعہ سیف اللہ اور ہرنائی سے 5،5 اموات رپورٹ ہوئیں، لورالائی، کیچ اور کوہلو سے 4،4، چمن، بولان، دکی سے 3،3 اموات رپورٹ ہوئیں، حالیہ بارشوں سے 999 مکانات متاثر ہوئے 521 مویشی ہلاک، 8 پل، 5 ڈیمز، 2 حفاظتی بند کو نقصان پہنچا، بارشوں سے 597 سولر پینل تباہ، بجلی کے 60 کھمبے، 21 ٹیوب ویلز متاثر ہوئے۔ بلوچستان میں بارشوں سے بڑے پیمانے پر کھڑی فصلوں کو بھی نقصان پہنچا، دوسری جانب پی ڈی ایم اے کی جانب سے بارشوں سے متاثرہ اضلاع میں ریلیف سرگرمیاں جاری ہیں۔

## بارشوں سے متاثرہ 9 اضلاع مکمل اور 9 جزوی آفت زدہ قرار

**مکمل آفت زدہ اضلاع میں صحبت پور، پشین، گوادر، آواران، واشک، بارکھان، جھل مگسی، لسبیلہ، قلعہ سیف اللہ شامل ہیں**

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے مون سون بارشوں سے متاثرہ نو اضلاع کو مکمل طور پر اور نو اضلاع کو جزوی طور پر آفت زدہ قرار دے دیا مکمل آفت زدہ قرار دیئے جانے والے اضلاع میں صحبت پور، پشین، گوادر، آواران اور واشک، بارکھان جھل مگسی، لسبیلہ، قلعہ سیف اللہ شامل ہیں۔ پی ڈی ایم اے بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت بلوچستان نے مون سون بارشوں کے دوران ہونے والے نقصانات کے پیش نظر صوبے کے نو اضلاع صحبت پور، پشین، گوادر، آواران اور واشک، بارکھان، جھل مگسی، لسبیلہ، قلعہ سیف اللہ کو مکمل طور پر آفت زدہ قرار دے دیا جبکہ ضلع خاران، کیچ، ژوب، قلات، لورالائی، مستونگ، کچھی، سبی اور دکی کی 45 یونین کونسل کو آفت زدہ علاقے قرار دے دیا گیا ہے۔

## بیلہ: ضلع لسبیلہ آفت زدہ قرار

بیلہ (نامہ نگار) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی حکومت بلوچستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق 15 جولائی 2022 سے ضلع لسبیلہ کو قدرتی آفات سے متاثرہ ضلع قرار دے دیا گیا ہے۔

## حب ڈیم مکمل بھر جانے کے پیش نظر قریبی آبادی محفوظ مقامات پر منتقل

حب (نامہ نگار) حب ڈیم میں کچھت ایریا دریجی، سارونہ، درگاہ شاہ نورانی سمیت دیگر علاقوں سے سیلابی ریلوں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے اور آج کسی بھی وقت ڈیم مکمل طور پر اپنی گنجائش 339 فٹ تک بھر جائے گا جس کے بعد اسپیل وے سے پانی کا اخراج شروع ہوجائے گا کمشنر قلات داؤد خان خلجی، ڈی سی لسبیلہ افتخار بگٹی اور ایکسین ایریگیشن حب عبدالجبار زہری نے حب ڈیم اور اسپیل وے کا معائنہ کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے انتظامات بارے بریفنگ دی دوسری جانب اسسٹنٹ کمشنر حب محمد احمد ظہیر اور تحصیلدار حب سعید احمد زہری نے حب ڈیم کے قریبی دیہات کے مکینوں کو محفوظ مقامات گورنمنٹ ڈگری کالج حب، گورنمنٹ پرائمری اسکول حب، گورنمنٹ ہائی اسکول اکرم کالونی حب، گورنمنٹ ہائی اسکول ساکران اور سٹیزن کلب حب میں منتقل کرنے کا سلسلہ شروع کردیا ہے۔

## بارش متاثرین کیلئے فری میڈیکل کیمپس لگائے جارہے ہیں، فرح عظیم شاہ

**دور دراز علاقوں میں لوگوں تک رسائی کیلئے موبائل ٹیمیں بھی تشکیل دیکر انہیں متحرک رکھا گیا ہے، ترجمان بلوچستان حکومت**

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی خصوصی ہدایت پر صوبے کے بارش سے متاثرہ اضلاع میں محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ تاکہ متاثرین کو ہیضہ اور دیگر متعدی بیماریوں سے بچایا جاسکے۔ اس سلسلے میں صوبائی سیکرٹری صحت صالح محمد ناصر کی نگرانی میں میڈیکل کیمپس کا انعقاد کا عمل شروع کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے دور دراز اور بارش کے متاثرہ علاقوں میں محکمہ صحت کی ٹیمیں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کررہی ہیں جہاں پر بیمار افراد کا چیک اپ، علاج ومعالجے اور مفت ادویات کی فراہمی جاری ہے دوسری جانب دور دراز علاقوں میں لوگوں تک رسائی کے لیے موبائل ٹیمیں بھی تشکیل دیکر انہیں متحرک رکھا گیا ہے تاکہ موقع پر لوگوں کو علاج ومعالجہ کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی فراہم کی جاسکے کیونکہ بارشوں کی وجہ سے پینے کے پانی کے مختلف ذرائع آلودہ ہوچکے ہیں جن میں مختلف بیماریاں ہوسکتی ہیں اور اکثر اضلاع سے ہیضہ اور دیگر بیماریوں کی شکایات ملی ہیں جس پر وزیراعلیٰ نے صوبائی سیکرٹری صحت کو ان اضلاع میں میڈیکل کیمپس اور ادویات کی فراہمی کے لیے احکامات جاری کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے تمام متاثرہ اضلاع میں خصوصی طور پر ادویات کی موجودگی اور اسٹاک میں اضافہ کردیا گیا ہے تاکہ بوقت ضرورت کام میں لایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو صحت سے متعلق سہولیات کی فراہمی کے لیے جامع حکمت عملی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور موجودہ ہنگامی صورتحال میں عوام کو علاج ومعالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے کوئی کسر چھوڑی نہیں رکھی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 16 JUL 2022 Page No. 5


# کمشنر مکران اور آئی جی ایف سی کا میرانی ڈیم کا دورہ، پانی کے اخراج کا معائنہ

## محکمہ ایری گیشن کی جانب سے بریفنگ کا انعقاد، شرکاء کو میرانی ڈیم سے پانی کے اخراج کے حوالے سے آگاہ کیا گیا

## میرانی ڈیم کے ذریعے ضلع کیچ کی تحصیل دشت میں ہزاروں ایکڑ اراضی کو کاشت کاری کے ذریعے آباد کیا جارہا ہے، آئی جی ایف سی

تربت (نمائندہ انتخاب) کمشنر مکران ڈویژن شبیر احمد مینگل اور آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ میجر جنرل کمال انور چودھری نے جمعہ کے روز میرانی ڈیم کا دورہ کیا، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ لوکل گورنمنٹ شے ظہورالحسن، اسسٹنٹ کمشنر تربت عقیل کریم سمیت دیگر عسکری اور سویلین افسران ان کے ہمراہ تھے، محکمہ ایری گیشن میرانی ڈیم کی جانب سے ایک بریفنگ کا انعقاد کیا گیا، کوآرڈی نیٹر ایری گیشن ڈیپارٹمنٹ برائے ساؤتھ زون سمیع اللہ بلوچ نے تقریب میں شامل شرکاء کو محکمہ اریگیشن کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ضلع کیچ میں حالیہ بارشوں

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

کے نتیجے میں میرانی ڈیم میں دو لاکھ کیوسک پانی داخل ہوا تھا جس کے بعد 27 ہزار کیوسک پانی کا اخراج اسپل وے کے ذریعے ہوا ہے، انہوں نے کہا کہ بارشوں سے پہلے میرانی ڈیم میں پانی کے ذخیرے کا لیول 232 فٹ تھا جبکہ بارشوں کے بعد میرانی ڈیم میں پانی کے ذخیرے کا لیول 249 فٹ کو پہنچ گیا تھا جو اب کم ہو کر 247 فٹ تک پہنچ چکا ہے انہوں نے کہا کہ اسپل وے میں دوران پہلے پانی کا اخراج 5 فٹ تھا مگر اس وقت اسپل وے میں پانی کا اخراج کم ہو کر صرف 3 فٹ تک رہ گیا ہے، انہوں نے کہا کہ میرانی ڈیم میں 264 فٹ لیول پانی کے ذخیرے کو محفوظ سمجھا جاتا ہے اگر زیادہ بارشوں کی صورت میں ذخیرے کا لیول 264 فٹ سے اوپر چلا جائے تو حفاظتی اقدامات اٹھاتے ہوئے ڈیم کے پچھلی جانب کی آبادیوں کو دوسری جگہ منتقل کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے انہوں نے کہا کہ اس وقت صورتحال بالکل نارمل ہے اور مزید بارشوں کے حوالے سے محکمہ موسمیات کے پیشگوئی کو مدنظر رکھ کر ہم امید کرتے ہیں کہ مون سون کے نتیجے میں کیل کور ندی کے ذریعے میرانی ڈیم میں کچھ پانی جمع ہو سکتا ہے مگر ضلع کیچ کے دیگر دو بڑی ندیوں یعنی کیشکور ندی اور نہنگ ندی میں زیادہ پانی آنے کا امکان نہیں، انہوں نے کہا کہ ہم نے ڈیم کے پانی کے مزید اخراج کے لیے رائٹ اور لیفٹ کینال کو بھی کھول دیا ہے تاکہ ذخیرے میں مزید کمی لائی جاسکے قبل ازیں کمشنر مکران ڈویژن اور آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ نے میرانی ڈیم کے سائٹ میں اسپل وے کے قریب کے مقام کا دورہ کیا اور وہاں پر پانی کے اخراج کا معائنہ کیا، کمشنر مکران ڈویژن نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اریگیشن اور میرانی ڈیم حکام کی جانب سے احتیاطی تدابیر کو بروئے کار لاتے ہوئے ڈیم کی حفاظت کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جارہے ہیں جبکہ آئی جی ایف سی بلوچستان ساؤتھ نے میرانی ڈیم منصوبے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کیچ کا یہ ایک میگا پروجیکٹ ہے جس کے ذریعے ضلع کیچ کے تحصیل دشت میں ہزاروں ایکڑ اراضی کو کاشت کاری کے ذریعے آباد کیا جارہا ہے اس موقع پر ایکسین اریگیشن ضلع کیچ گلاب بلوچ، ایکسین اریگیشن میرانی ڈیم رضا صمد، ایس ڈی او ایری گیشن میرانی ڈیم شیر جان بلوچ سمیت میرانی ڈیم مینجمنٹ کے اہلکاروں کی بڑی تعداد موجود تھی۔

# گوادر اولڈ سٹی کیلئے منصوبہ بندی کر رہے ہیں، ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے

## نکاسی آب کا مسئلہ حل ہو جائے گا، مجیب الرحمٰن قمبرانی کی زیر صدارت اجلاس

گوادر (خ ن) گوادر شہر میں جی ڈی اے کا سیوریج لائن 30 فیصد اور ڈرینج صرف 10 فیصد حصہ پر موجود ہے یہ نیٹ ورکس 4 زون اور 16 کلو میٹر پر مشتمل ہے۔ جس میں شادو بند، کچی لائن، شیخ عمر وارڈ، کوہ بن وارڈ، پرانا کسٹم، ڈھور کھنٹی، ملا موسیٰ موڑ کے علاقے شامل ہیں حالیہ بارشوں میں نکاسی آب کا زیادہ تر حصہ انہی لائنز سے مکمل ہوا، جہاں جی ڈی اے کے

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

لائنز موجود تھے وہاں نکاسی آب کا مسئلہ نہیں رہا اور جہاں جی ڈی اے کا ڈرینج سسٹم نہیں تھا وہاں واٹر ٹینکرز اور ڈی واٹرنگ مشینری کے ذریعے نکاسی آب کا عمل سرانجام دیا گیا یہ بات ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی مجیب الرحمٰن قمبرانی نے حالیہ بارشوں سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملا فاضل چوک سمیت اولڈ ٹاؤن کے زیادہ تر حصہ میں ابھی تک کام شروع نہیں ہوا ہے

## کوہلو میں نکاسی آب کا نظام مفلوج، بارشوں کا پانی گلی محلوں میں داخل

میونسپل کمیٹی کی کارکردگی کھل کر سامنے آگئی، لوگوں کیلئے پیدل چلنا عذاب بن گیا، ذمہ دار آفیسران سب دیکھتے ہوئے بھی کچھ نہیں کررہے ہیں

ڈی سی کوہلو کی جانب سے جاری احکامات فوٹو سیشن تک محدود کردیئے گئے، صورتحال کی بہتری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں، شہریوں کی اپیل

کوہلو (نمائندہ مشرق) نکاسی آب نہ ہونے کے باعث بارش کا پانی شہر کے وسطی سڑکوں اور گلیوں میں جمع، میونسپل کمیٹی کی کارکردگی کھل کر سامنے آگئی، لوگوں کیلئے پیدل چلنا عذاب بن گیا، ذمہ دار آفیسران سب دیکھتے ہوئے بھی کچھ نہیں کررہے ہیں، مشرق رپورٹ کے مطابق حالیہ شدید مون سون بارشوں کے پیش نظر جہاں حکومت نے کوہلو سمیت بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں الرٹ جاری کرتے ہوئے نکاسی آب کی صورتحال کو بہتر بنانے اور برساتی نالوں کی صفائی کے احکامات جاری کردیئے تھے اور چیف سیکرٹری ان معاملات کی براہ راست خود نگرانی بھی کررہے ہیں لیکن کوہلو میں میونسپل کمیٹی ہے جو خواب سے جاگنے کا نام نہیں لے رہی، میونسپل کمیٹی کے ذمہ دار آفیسر دو ماہ دفتر سے غیر حاضر رہنے کے بعد گزشتہ روز ڈی سی کے سربراہی میں منعقدہ اجلاس میں پہنچ گئے جہاں انتظامی آفیسر نے صفائی کی ابتر صورتحال پر برہمی کا اظہار کیا اور فوری طور پر شہر میں صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے، نکاسی آب اور برساتی نالوں کی صفائی کے احکامات جاری کیئے جس پر فوٹو سیشن کی حد تک تو کام کا آغاز ہوگیا مگر شہر کے وسطی سڑکیں اور گلیاں اب بھی جھیل کا منظر پیش کررہے ہیں راہگیروں کو گزرنے میں شدید مشکلات درپیش ہیں۔ صوبائی وزیر کے فنڈز سے نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے اور سیوریج لائنوں کی تعمیر پر خطیر لاگت مختص کی گئی جو چیف آفیسر ہٹ دھرمی کے باعث ضائع ہوگئے، دریں اثنا عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور کمشنر سبی ڈویژن سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ نکاسی آب کا نظام بہتر بنانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں

## کوہلو بارشوں سے جل تھل
## ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم ڈی سمیت دیگر محکموں کے افسران ڈیوٹی سے غائب

افسران کی عدم حاضری سے جہاں دفتری امور ٹھپ ہوکر رہ گئے وہی سائلین کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے

بارشوں کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے افسران کو سٹیشن پر موجود رہنے کی سخت ہدایت کی جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

کوہلو (نمائندہ مشرق) حالیہ شدید مون سون بارشوں کے پیش نظر محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری الرٹ پر صوبائی حکومت نے تمام ضلعی محکموں کے افسران کو جائے تعیناتی پر حاضر رہنے کے احکامات جاری کردیئے کوہلو کے مختلف محکموں کے افسران نے حکومت کے احکامات ہوا میں اڑادیئے ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم ڈی، ضلعی ناظم جنگلات، ایکسین آبپاشی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت فارمنگ، پاپولیشن، سوشل ویلفیئر، اے سی ماوند و دیگر افسران گزشتہ کئی عرصے سے غیر حاضر ہیں افسران کی عدم حاضری سے جہاں دفتری امور ٹھپ ہوکر رہ گئے وہی سائلین کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان سے افسران کے جائے تعیناتی پر عدم حاضری کا نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا ہے رپورٹ کے مطابق کوہلو میں دو درجن کے قریب صوبائی اور وفاقی محکموں میں ضلعی سطح پر افسران تعینات ہیں جن میں سے بیشتر کئی عرصے سے غیر حاضر ہیں جس سے نہ صرف دفتری امور ٹھپ ہوکر رہ گئے بلکہ سائلین کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے حالیہ مون سون بارشوں کے پیش نظر حکومت بلوچستان کی جانب سے ضلعی سطح پر تعینات محکموں کے افسران کو اپنی جائے تعیناتی پر حاضر ہونے کیلئے سختی سے احکامات بھی جاری کردیئے گئے ہیں اس سلسلے میں تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو افسران کی اسٹیشن پر موجودگی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی تاہم کئی ایک ضلعی محکموں کے افسران راتوں رات اسٹیشن پر پہنچ گئے جبکہ بیشتر افسران اب بھی اسٹیشن پر موجود نہیں ہیں جن میں سرفہرست ڈپٹی ڈائریکٹر ایم ایم ڈی، ضلعی ناظم جنگلات، ایکسین آبپاشی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت فارمنگ، پاپولیشن، سوشل ویلفیئر، اے سی ماوند شامل ہیں جبکہ دیگر محکموں میں بھی اہم عہدوں پر تعینات گریڈ 14 سے 17 کے افسران غیر حاضر ہیں جن میں ایس ڈی اوز، اسسٹنٹ انتظامیہ اور لیویز کے افسران شامل ہیں عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر سبی ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر سے افسران کی فوری طور پر جائے تعیناتی پر حاضر ہونے اور فرائض میں غفلت برتنے پر قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## تحریک نوجوانان قلات کے زیر اہتمام
## کوئٹہ کیلئے لانگ مارچ آج شروع ہوگا

قلات (آن لائن) تحریک نوجوانان اتحاد قلات کی جانب سے ضلع قلات کے محکمہ لیویز امیدواران لیویز تعیناتی آرڈرز جاری نہ ہونے کے خلاف آج 16 جولائی بروز ہفتہ قلات سے کوئٹہ کیلئے لانگ مارچ کیلئے روانہ ہونگے یاد رہے کہ اس سے قبل مذکورہ نوجوانان لانگ مارچ کرکے جب قلات سے منگچر پہنچے تو بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

انہیں ڈی جی لیویز کی جانب سے 15 دن تک تعیناتی آرڈرز جاری کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی مگر اب مزید دو مہینے ہونے کو ہے لیکن تعیناتی آرڈرز جاری نہیں ہوئے۔ اس حوالے سے آج صبح دس بجے قلات کے یہ نوجوان اپنے حقوق کیلئے کوئٹہ تک لانگ مارچ کیلئے نکلیں گے۔

AZADI QUETTA

## خضدار ہیضہ کی وباء سے 2 بچے جاں بحق متعدد متاثر

خضدار (نمائندہ آزادی) جنوبی زرچین میں گزشتہ ایک ہفتہ کے دوران ہیضہ کے مرض میں مبتلا دو بچے جاں بحق متعدد متاثر علاقے میں امدادی ٹیمیں روانہ کرنے کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق وڈھ تحصیل کا علاقہ جنوبی زرچین میں ہیضہ کی مرض تاحال قابو نہیں پایا جاسکا ایک ہفتے کے (بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 2 پر)

دوران ایک اور بچہ جاں بحق متعدد افراد متاثر متاثرین کو وڈھ ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے متاثرین میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں ہیضہ کے مرض میں مبتلا اب تک دو اموات ہوچکی ہیں یہ سلسلہ گزشتہ ایک ہفتے سے چل رہا ہے متاثرین نے حکومت بلوچستان اور محکمہ صحت سے اپیل کی ہے کہ متاثرہ علاقوں میں ٹیم روانہ کریں تاکہ لوگوں کی قیمتی جانیں ضائع نہ ہوں

# بلوچستان میں ڈائریا پھیلنے لگا، متعدد علاقوں میں صورتحال تشویشناک، سینکڑوں افراد متاثر

**دست واسہال اور اس کی خطرناک شکل کالرا (ہیضہ) پہلے سے پھیلا تھا بارشوں وسیلابوں کے بعد اس میں اضافہ ہوا، ادارہ صحت**

**ژوب میں گزشتہ دس دنوں سات افراد ڈائریا سے ہلاک اور 1300 سے زائد متاثر ہو چکے، وڈھ میں بچہ جاں بحق سینکڑوں متاثر**

**ایک ہفتے میں ڈائریا و کولرا کے 1584 مشتبہ کیسز رپورٹ اور روزانہ کی بنیاد پر 200 سے زائد کیسز سامنے آرہے ہیں، ڈاکٹرز**

اندرون صوبہ (نامہ نگاران) بلوچستان میں مون سون کی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ علاقوں میں پیٹ اور آنتوں کی بیماریاں پھیل گئی ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق بلوچستان کے 16 اضلاع میں ایکیوٹ واٹری ڈائریا کی وبا پھیلی ہوئی ہے۔ ژوب.........

بقیہ 30 صفحہ نمبر 9 پر

میں گزشتہ دس دنوں میں سات افراد ڈائریا سے ہلاک اور 1300 سے زائد متاثر ہو چکے ہیں۔ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی بلوچستان کے مطابق 13 جون سے اب تک وقفے وقفے سے جاری بارشوں سے بیس سے زائد اضلاع متاثر ہوئے ہیں۔ بلوچستان میں موجود عالمی ادارہ صحت کے حکام کا کہنا ہے کہ صوبے کے کئی اضلاع میں دست اور اسہال کی بیماری (ڈائریا) اور اس کی خطرناک شکل کالرا (ہیضہ) پہلے سے پھیلی ہوئی تھی تاہم بارشوں اور سیلابوں کے بعد ان بیماریوں کے پھیلاؤ میں اضافہ ہوا ہے۔ کوئٹہ میں ڈبلیو ایچ او کے پبلک ہیلتھ سرویلنس آفیسر کے مطابق جون سے پہلے ایکیوٹ واٹری ڈائریا (اے ڈبلیو ڈی) اور اس کی شدید ترین شکل کالرا (ہیضہ) کے زیادہ تر کیسز ڈیرہ بگٹی سے رپورٹ ہو رہے تھے تاہم جون کے وسط میں پری مون سون بارشوں کا سلسلہ شروع ہونے کے بعد ان بیماریوں کا دائرہ 16 اضلاع تک پھیل گیا ہے۔ متاثرہ اضلاع میں کوئٹہ، کیچ، ہرنائی، مستونگ، چمن، لورالائی،

[illegible]

ہوئے جبکہ 13 جون سے 13 جولائی تک صرف ایک ماہ میں 6312 کیسز رپورٹ ہوئے یعنی ماہانہ 70 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ڈاکٹر ریاض نے بتایا کہ صرف گزشتہ ایک ہفتے میں ڈائریا اور کولرا کے 1584 مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر دو سو سے زائد کیسز رپورٹ ہو رہے ہیں۔ ان کے بقول باقی اضلاع میں وبا ابھی تک قابو میں ہے لیکن ژوب کی صورتحال خراب ہے جہاں 5 جولائی سے 13 جولائی تک 1321 ہیضہ کے مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ سات اموات ہوئی ہے۔ ژوب ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نور الحق نے کہا کہ پہلے بیماری قابو میں تھی مگر گزشتہ پانچ دنوں سے روزانہ دست اور اسہال میں جبکہ 200 سے 250 مریض ہسپتال آرہے ہیں۔ ان کے مطابق مریضوں میں نصف کے قریب لوگوں کو داخل کرنا پڑتا ہے جبکہ پانچ افراد کا دوران علاج ہسپتال میں ہی انتقال ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ کیسز کی تعداد میں اضافہ کی وجہ سے ہم نے صوبائی حکومت اور محکمہ صحت سے مدد طلب کرلی ہے۔ ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر نور قاضی کے مطابق محکمہ صحت نے ژوب کے لیے خصوصی میڈیکل ٹیمیں اور ادویات بھیجنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بارش سے متاثرہ ژوب اور کوہلو میں بھی دست اور اسہال کی بیماری پھیلنے کی اطلاعات ہیں۔ ژوب ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر نور الحق کا کہنا ہے کہ ژوب میں بیماری پھیلنے کی وجہ آلودہ پانی بھی ہوسکتا ہے کیونکہ شہر کو پانی ایک پہاڑی علاقے سلیازہ سے آتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ علامات سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ بیماری کولرا ہے تاہم اس کی تصدیق لیبارٹری ٹیسٹ کے بعد ہی ہوسکے گی۔ ہم نے 18 مریضوں کے نمونے لے کر تجزیے کے لیے کوئٹہ بھجوا دیے ہیں۔ ڈبلیو ایچ او کے ماہر ڈاکٹر داؤد ریاض نے بتایا کہ ہیضہ ڈائریا کی سب سے خطرناک قسم ہے اس لئے ہر تصدیق شدہ کیس کی اطلاع ڈبلیو ایچ او کو دینا ضروری ہوتی ہے۔ اس بیماری میں متاثرہ مریض کو پانی کی طرح پتلے دست ہوتے ہیں جس کے بعد جسم میں پانی کی کمی کے سبب دیگر پیچیدگیاں پیدا ہوجاتی ہیں اور چند گھنٹوں میں مریض کی جان بھی جاسکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ متاثرہ مریض کے پاخانے سے بھی ہیضہ پھیلتا ہے اس لئے لوگ صابن اور جراثیم کش محلول سے ہاتھ دھوئیں اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ ڈاکٹر داؤد ریاض کے مطابق یہ بیماری آلودہ پانی پینے کے سبب لاحق ہوتی ہے۔ ان کے مطابق چونکہ مزید بارشوں کی پیشن گوئی کی گئی ہے اس لیے لوگ پانی ابال کر پئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے ہاں بہت سی اینٹی بائیوٹک ادویات کے خلاف مزاحمت پیدا ہوئی ہے اس لیے وہ ہیضہ کے دوران موثر ثابت نہیں ہوتیں۔ ایسی صورت میں متاثرہ اضلاع کے محکمہ صحت کے حکام کو متاثرہ مریضوں کے نمونے فوری طور پر کوئٹہ کے بولان میڈیکل لیبارٹری بھیجنے چاہئیں۔ جہاں عالمی ادارہ صحت نے ہیضہ کے نمونے کے تجزیے کیلئے سہولیات فراہم کی گئیں ہیں۔ دوسری جانب تحصیل وڈھ میں گیسٹرو کی وبا پھوٹ پڑی بچہ جاں بحق خواتین بچوں سمیت سینکڑوں افراد متاثر، محکمہ صحت کی ٹیمیں علاقہ پہنچ گئی ڈی ایچ او ڈپٹی کمشنر کا متاثرہ گاؤں کا دورہ۔ تفصیلات کے مطابق وڈھ کے علاقے جنوبی زرچین باڈری اور گلی صالح محمد میں ایک ہفتے سے جاری گیسٹرو دست الٹی کے وبا نے شدت اختیار کرلی دست الٹی سے 7 سالہ بچہ

[illegible]

منتقل کیا گیا جبکہ باڈری بی ایچ یو میں 30 کے قریب مریض پہنچائے گئے واقعہ کی اطلاع پر ڈپٹی کمشنر خضدار میجر (ر) محمد الیاس کبزئی تحصیل ہیڈ کوارٹر وڈھ اور باڈری کا ہنگامی دورہ کیا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر خضدار نے ہسپتال کے مختلف وارڈز کا دورہ کیا اور مریضوں سے ملاقات کی اس موقع پر ڈی ایچ او خضدار محمد رفیق مینگل نے وبا کے حوالے سے انہیں بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ متاثرہ علاقوں میں پی پی ایچ آئی اور محکمے صحت کی ٹیمیں پہنچ متاثرہ لوگوں کی علاج کررہے ہیں دوائیاں اور اسٹاف لوگوں کی خدمت کے لیے ہر وقت موجود رہے گے دورے دوران ڈپٹی ڈی ایچ او خضدار اسسٹنٹ کمشنر وڈھ ایم ایس وڈھ ہسپتال بھی موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 16 JUL 2022 Page No. 13


## بارش وسیلاب کے نقصانات کا ہر ممکن ازالہ کرینگے

